## شہباز تاثیر کی بحفاظت بازیابی کیلئے تمام حکومتی وسائل استعمال میں لائے جائیں، الطاف حسین
## اغواء کی واردات افسوسناک اور شرمناک فعل ہے، اظہار تشویش

لندن۔۔۔26، اگست 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سابق گورنر پنجاب اور پیپلز پارٹی کے رہنما سلمان تاثیر کے صاحبزادے شہباز تاثیر کے اغواء پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ شہباز تاثیر کی بازیابی کیلئے ہر ممکن اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ شہباز تاثیر کے اغواء کی واردات افسوسناک اور شرمناک فعل ہے اور اس میں ملوث عناصر کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہو سکتے۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، گورنر پنجاب لطیف کھوسہ اور وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ شہباز تاثیر کے اغواء میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے، ان کی بحفاظت بازیابی کیلئے تمام حکومتی وسائل استعمال میں لائے جائیں اور اغواء میں ملوث عناصر کو عبرتناک سزا دی جائے۔

## سابق گورنر پنجاب و پیپلز پارٹی کے رہنما سلمان تاثیر کے صاحبزادے کے اغواء پر ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کا اظہار تشویش
## اغواء کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، مغوی کو جلد اور بحفاظت بازیاب کرایا جائے

کراچی:۔۔۔26، اگست 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لاہور کے علاقے گلبرگ سے سابق گورنر پنجاب سلمان تاثیر کے صاحبزادے شہباز تاثیر کے اغواء پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ مغوی کو جلد اور بحفاظت بازیاب کرایا جائے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سابق گورنر پنجاب اور پیپلز پارٹی کے رہنما سلمان تاثیر کے بہیمانہ قتل کے صدمے سے ابھی ان کے اہلخانہ نکل بھی نہیں پائے تھے کہ آج سلمان تاثیر کے صاحبزادے کو اغواء کاروں نے اغواء کر کے یرغمال بنالیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سلمان تاثیر کے صاحبزادے کے اغواء کی کارروائی پر نہ صرف ان کے اہل خانہ بلکہ ملک کا ہر محبِ وطن اور پرامن شہری تشویش میں مبتلا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے مغوی کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور مغوی کی بحفاظت واپسی کیلئے دعا بھی کی۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ سابق گورنر پنجاب سلمان تاثیر کے صاحبزادے کے اغواء کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، اس میں ملوث اغواء کاروں کو جلد از جلد گرفتار کر کے مغوی کی بحفاظت بازیابی یقینی بنائی جائے۔

## لاہور میں مقیم امریکی قونصلیٹ کے پولیٹیکل آفیسر (Daniel R. Harris) ڈینیل حارث نے ایم کیو ایم پنجاب ہاؤس لاہور کا دورہ کیا،
## ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا سے ملاقات کی اور لاہور زون کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا

لاہور۔۔۔۔(اسٹاف رپورٹ) 26 اگست 2011ء

لاہور میں مقیم امریکی قونصلیٹ کے پولیٹیکل آفیسر ڈینیل حارث نے جمعہ کے روز ایم کیو ایم پنجاب ہاؤس لاہور کا دورہ کیا اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا سے ملاقات کی اس موقع پر زونل انچارج لاہور سید شاہین انور گیلانی جوائنٹ زونل انچارج مبین الدین قاضی، میاں طاہر محمود ڈسٹرکٹ انچارج لاہور ڈاکٹر عبدالغفار اور دیگر ذمہ داران نے ان کا استقبال کیا۔ رکن رابطہ کمیٹی افتخار رندھاوا نے انہیں ایم کیو ایم پنجاب ہاؤس کے مختلف شعبہ جات کا دوہ کروایا، انہوں نے تمام شعبہ جات کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور شعبہ جات کے متعلق مختلف سوالات کیے۔ اس موقع پر ڈینیل حارث کو ایم کیو ایم کے پنجاب میں زون اور ڈسٹرکٹ کی سطح پر ہونے والے کام اور تنظیمی اسٹرکچر سمیت پنجاب میں فری ایمبولینس سروس، میڈیکل کیمپ کے انعقاد اور ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی سرگرمیوں سے آگاہ کیا گیا۔ بعدازاں ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے انہیں ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو تشریف لانے کی دعوت دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے نیک خواہشات کا پیغام پہنچایا۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام سالانہ امدادی پروگرام 28 اگست کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوگا
## رمضان المبارک کے آخری عشرے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ہزاروں غرباء اور مستحقین
## میں امدادی سامان اور نقد رقوم تقسیم کی جاتی ہیں

کراچی:۔۔۔26،اگست 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام 28،اگست بروز اتوار بمطابق 27 رمضان المبارک کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں شام 4 بجے سالانہ امدادی پروگرام منعقد ہوگا۔سالانہ امدادی پروگرام کے سلسلے میں جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی ہے اور غریب و مستحق افراد کو امدادی اشیاء اور نقد رقوم کے ٹوکن جاری کردیئے گئے ہیں۔واضح رہے کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام رمضان المبارک کے آخری عشرے میں بڑا امدادی پروگرام منعقد کیا جاتا ہے جس میں ہزاروں یتیموں، بیواؤں، مساکین، غرباء اور مستحقین میں بلاتفریق امدادی اشیاء اور نقد رقوم تقسیم کی جاتی ہیں۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔۔26 اگست 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے کارکن خشنود کے والد شیخ عبدالصمد، عوامی مسائل کمیٹی کے رکن سید ممتاز علی کی والدہ محترمہ شہزادی بیگم، لانڈھی سیکٹر یونٹ 85 کے کارکن نعیم گڈو کے والد عبدالعزیز اور لیاری سیکٹر یونٹ 19 کے کارکن شکیل احمد کے والد حبیب الرحمان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم رابطہ کمیٹی نے فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 150 کے کارکن رابن سموئیل کے والد وقاص رابن کے انتقال پر بھی افسوس کا اظہار کیا ہے۔

## کراچی میں درندہ صفت دہشت گردوں کے ہاتھوں قتل عام میں شہید ہونے والے معصوم شہریوں
## کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیوایم بیلجیم کے زیراہتمام قرآن خوانی کی گئی
## قرآن خوانی میں بیلجیئم یونٹ کے کارکنوں اور ہمدرد پاکستانیوں کی بڑی تعداد کی شرکت
## کراچی میں معصوم شہریوں کے قتل عام کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ایم کیوایم بیلجئم
## درندہ صفت دہشت گردوں نے اردو بولنے والوں کا جس بیدردی سے قتل عام کیا اس کی کوئی مثال نہیں ملتی

برسلز۔۔۔26 اگست 2011ء

گزشتہ دنوں کراچی میں درندہ صفت دہشت گردوں کی جانب سے کئے جانے والے قتل عام میں شہید ہونے والے معصوم و بے گناہ افراد کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیوایم بیلجیم کے زیراہتمام قرآن خوانی کی گئی جس میں بیلجیئم یونٹ کے کارکنوں اور ہمدرد پاکستانیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر تمام شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا اور ایک قرارداد بھی منظور کی گئی جس میں کراچی میں معصوم شہریوں کے قتل عام کی شدید مذمت کی گئی۔قرارداد میں کہا گیا کہ حکومت کراچی کے شہریوں کو جان و مال کا تحفظ فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہوگئی ہے اور قتل و غارتگری اور دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث پیپلز امن کمیٹی کے کسی بھی دہشت گرد کو آج تک گرفتار نہیں کیا گیا۔ایم کیوایم بیلجیئم کی قرارداد میں مزید کہا گیا کہ جب تک بعض حکومتی وزراء پیپلز امن کمیٹی کے دہشت گردوں کی حمایت کرتے رہیں گے کراچی میں پائیدار امن قائم نہیں ہوسکتا۔قرارداد میں مزید کہا گیا کہ سفاک اور درندہ صفت دہشت گردوں نے اردو بولنے والوں کو جس طرح چن چن کر اغوا کرکے بیدردی سے قتل کیا ہے، انہیں ذبح کیا ہے، ان کی کھالیں اتاریں، ان کا جس بیدردی سے قتل عام کیا اس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ایم کیوایم بیلجیئم نے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں معصوم شہریوں کا قتل عام بند کرایا جائے، قتل عام میں ملوث درندہ صفت دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے۔ایم کیوایم بیلجیئم نے درندہ صفت دہشت گردوں کے ہاتھوں قتل کئے جانیوالے تمام شہیدوں کے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام شہیدوں کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

☆☆☆☆☆